# فہرست

عنوانات | صفحہ نمبر


دین کا ایک مضمون سیکھ لینا ایک ہزار رکعت سے افضل ہے.................... ٦

روشنی بند کرکے اجتماعی طور پر رونا بدعت ہے.............................. ٦

مجمع میں بالقصد رونا ریاء ہے.................................................. ۷

اپنے اکابر کے طریق کو نہیں چھوڑنا چاہیے.................................. ۸

خدا کا عاشق کبھی نہیں بِک سکتا............................................. ۸

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی چار پشت صحابی ہوئیں.............................. ۱۱

حاتم طائی کے بیٹے حضرت عدی رضی اللہ عنہ کے قبول اسلام کا واقعہ........................ ۱۲

علماء کرام کی وضع قطع شاندار ہونی چاہیے....................................... ۱۲

نبوت اور بادشاہت میں فرق.................................................. ۱۳

حضرت عدی ابن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سخاوت کا ایک واقعہ........... ۱۴

علماء کرام کے لیے حضرت والا کی ایک دعا.................................... ۱۴

مناقب حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ.......................... ۱۵

اللہ تعالیٰ کی یاد میں نکلے ہوئے آنسو کی قیمت............................. ۱٦

اللہ تعالیٰ کی ذات کریم ہے..................................................... ۱۷

رونا نہ آئے تو رونے والوں کی شکل بنا لو........................................ ۱۸

دنیا دار پیر کی علامت........................................................ ۱۹

دل نرم کرنے کا ایک مراقبہ.................................................... ۲۰

نے اپنے والد صاحب سے عرض کیا تھا کہ میرا دل چاہتا ہے کہ آپ مجھے پہلے عالم بنا دیں، انہوں نے فرمایا کہ نہیں پہلے تم حکیم بن جاؤ تا کہ اپنی پیٹ کی روٹیوں کو تم قوم کے ذمہ نہ ڈالو، خود کماؤ اور اللہ کا دین اللہ کے لئے پھیلاؤ، اللہ تعالیٰ میرے والد صاحب کی بے حساب مغفرت فرمائیں اور میرے والدین کو اور آپ لوگوں کے والدین کو بے حساب مغفرت عطا فرمائیں اور سب کے درجات بلند فرمائیں۔ الحمدللہ! انہوں نے یہ بہت بڑی سمجھ کی بات کہی تھی۔ تو انہوں نے مجھ پر یہ احسان کیا، آج دواخانے اور کتب خانے سے ہمارے روزی کے کام چلتے ہیں۔

خیر میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ حکیم الامت حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے بعض نامناسب حالات کو دیکھ کر خانقاہ تھانہ بھون کی مسجد ہی میں عید کی نماز پڑھانا شروع کر دی۔ حکیم الامت سے بڑھ کر کون متقی ہوسکتا ہے، تو موجودہ حالت کے پیشِ نظر یہاں اللہ تعالیٰ نے جمعہ بھی عطا فرما دیا اور عید کی نماز بھی ہوگئی، اور آج ہم کو یہ مسئلہ بتانے کا موقع بھی مل گیا ورنہ ہم کسی اور کے منبر پر کہاں بول سکتے ہیں، صدر اور کمیٹی والے سب لڑ جائیں گے، تو اس لئے اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے۔

## مناقب حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ

تو میں عرض کر رہا تھا کہ لائٹ بجھا کر اجتماعی رونے سے بہتر ہے کہ آپ تنہائی میں چند آنسو بہا دیں، یہ مٹکا بھر اجتماعی رونے والے آنسوؤں سے افضل ہے۔ ایک صاحب نے پوچھا ہے کہ کوئی ترکیب بتا دیں کہ جس سے اللہ تعالیٰ کی یاد میں خوب رونا آئے، دعا میں اور توبہ استغفار میں خوب رونا آئے، اس کی ترکیب کیا ہے؟ اصل میں رونا نہ آنے کا سبب کبھی دل کی سختی بھی ہوتا ہے

لہٰذا اس کا علاج یہ ہے اگر رونا نہ آئے تو بھی پریشانی کی بات نہیں ہے۔
حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ماموں لگتے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے ان ماموں پر اتنا فخر تھا کہ محدثین لکھتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ یہ سعد بن ابی وقاص میرا ماموں ہے، کوئی میرے ماموں جیسا لائے، ان کے تیر کا نشانہ بہت زبردست تھا، جہاں نشانہ لیتے تھے تیر وہیں جا پہنچتا تھا کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے دو دعائیں کی تھیں:

**((اَللّٰهُمَّ سَدِّدْ سَهْمَهٗ وَاَجِبْ دَعْوَتَهٗ))**

(کنز العمال، ج:۸، رقم الحدیث:۳۶۶۴۴)

اے اللہ! سعد کے تیر کو درست کردے اور ان کی دعا کو ہمیشہ قبول فرما۔ چنانچہ یہ ایسے مستجاب الدعوات تھے کہ لوگ ان سے دعا کروایا کرتے تھے۔ اور یہ عشرہ مبشرہ صحابہ میں سے ہیں یعنی ان دس صحابہ میں سے ایک ہیں جن کے لئے جنت کی بشارت دنیا ہی میں دے دی گئی تھی اور جن دس کے انتقال کے بعد یہ مبارک طبقہ ختم ہو گیا تھا۔

## اللہ تعالیٰ کی یاد میں نکلے ہوئے آنسو کی قیمت

تو یہ روایت کرتے ہیں کہ سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کی یاد میں رونا افضل ہے، رونے کی فضیلت اتنی زیادہ ہے کہ جب آنکھوں سے آنسو نکلیں تو ان کو پورے چہرہ پر پھیلا لو، کیونکہ جس حصہ پر وہ آنسو لگ جائیں گے اس حصہ پر جہنم کی آگ حرام ہو جائے گی۔ تو رونا اتنا بڑا کام ہے، آنسوؤں کی اتنی قیمت ہے کہ جہاں جہاں وہ آنسو لگ جائیں گے اتنے حصہ پر دوزخ کی آگ حرام ہو جائے گی۔ اور فرماتے ہیں کہ اگر رونا نہ آئے تو رونے

